DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v60i3.2769

# دینی مدارس کا نصاب، نظام تعلیم اور محمود احمد غازی کا نقطۂ نظر: تجزیاتی مطالعہ

محمد طارق ⁂

# Mahmood Ahmad Ghazi's Approach to the Curriculum and Educational System of Religious Seminaries: An Analysis

Muhammad Tariq⁂

**Abstract**: Mahmood Ahmad Ghazi was one of the scholars who had a strong command over traditional Islamic sciences and was aware of contemporary philosophical and psychological trends. He combined traditional and modern scholarship. He significantly contributed to rearranging and reconstructing different walks of life like education and research, culture and civilization, philosophy and logic, economy and society, state and politics, and law and justice. In his lectures and research papers, he stressed the need to change the curriculum and educational system of religious seminaries to make them more efficient and fulfil the needs of the time. He also guided the heads of these institutions regarding their queries about different educational matters. He tried his utmost to develop a comprehensive and balanced religious and Islamic educational system in Pakistan. Ghazi wanted the students of religious seminaries to show their philosophical abilities and be ready to face the challenges of the modern world in a sound and balanced way. He believed that it was the duty of the religious elites to make students aware of the needs of modern times and prepare them to face these challenges. The modern world compels Muslims to rise above the bounds of local and regional needs and pay attention to global challenges. This article presents a research-based study on the different aspects of the curriculum and educational system of religious seminaries in the light of scholarly endeavours of Ghazi.
**Keywords:** curriculum, educational system, Mahmood Ahmad Ghazi, religious seminaries

⁂ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ رضویہ اسلامیہ گریجویٹ کالج ہارون آباد، ضلع بہاول نگر۔

⁂ Assistant Professor, Department of Islamic Studies, Govt. Razvia Islamia Graduate College Haroonabad ‹District: Bahawalnagar.
(hafizmuhammadtariq105@gmail.com)

## Summary of the Article

The educational system of religious seminaries has been fulfilling the needs of Muslim society for centuries. In great centres of knowledge established in Cordoba, Baghdad, Cairo, Bukhara, Samarkand, Bareilly and Deoband, hundreds of thousands of students sought knowledge. These centres of knowledge produced luminaries, teachers, preachers, reformers, and thinkers like Bukhārī, Muslim, Tirmidhī, Nasā'ī, Abū Dāwūd, Ibn Mājah, Ibn Khuzaymah, Abū Sa'ūd, Aḥmad Sirhindī, Shāh Walī Allāh, and Muhammad Hameedullah and Mahmood Ahmad Ghazi. There is a wide network of madrasahs in Pakistan, which organizes religious education at different levels, from instruction in reading the Qur'ān to educating in different specialized branches of Islamic sciences. These madrasahs not only provide free education to millions of students across the country, but they also arrange for their free boarding, lodging, and medical facilities.

Religious seminaries do their best to achieve their goals and objectives. But with time, the scope of needs is expanding and there is an increasing demand for religious guidance in all areas of life, which is not only the need of the time and requires progress in solving these contemporary problems, but it is also a religious obligation. The leadership has an important responsibility to guide the teachers and students of the religious seminaries, inform them about the contemporary demands and future needs, and prepare them intellectually and academically. The contemporary world and the international environment of the future draw our attention to understanding the demands and needs of globalization and internationalism. We should not be captive of our limited local and regional environment nor should we avoid the necessary changes and diversification in the curriculum and training system of our religious seminaries so that they can make their future role more useful to the Muslim *ummah*.

The main reason for Ghazi's special interest in the curriculum and education system of religious seminaries was that he was educated in a religious seminary. Based on long teaching experience, he was well aware of the merits and demerits of the madrasah curriculum and education system. He combined traditional and modern sciences. He tried hard to create a comprehensive and balanced system of religious and Islamic education in Pakistan.

Ghazi was a supporter of a uniform education system in Pakistan and called the separation of religious and secular education the basis of secularism. He used to say how completely separate institutions of religious education and non-religious education are affecting the unity and integrity of the country and nation and sowing the seeds of duality, dualism and difference in the country. For him, the edifice of secularism is built on such intellectual and theoretical distinction between religion and the world.

Ghazi described three important features of dars-i niẓāmī: ۱) Its major part consists of three basic sciences: Islamic law, jurisprudence, and logic. ۲) All sciences that were prevalent in pre-modern Muslim India were included in its curriculum. ۳) The curriculum was very rigorous and difficult and the graduate had to go through the most advanced books of each science.

While describing the goals and objectives of dars-i niẓāmī, Ghāzī says that in the later period of the Mughal empire in the subcontinent, this curriculum was designed to provide qāḍī, muftīs, and administrators for running the state system and Islamic courts. The major changes that have taken place in the world since then have rendered this curriculum ineffective and insufficient. He encouraged the students of the religious seminaries to enhance their intellectual abilities and be ready to face the challenges of the modern age.
He pointed out and guided the leadership of the religious seminaries in the required reforms. In his lectures and articles, Ghazi emphasized that scholars and students should be aware of the contemporary challenges concerning human rights, globalization, Islamic beliefs, culture, family system, social values and Islamic identity. He also highlighted the academic, religious and cultural aspects of this intellectual conflict.

## تمہید

اسلامی تاریخ میں دینی مدارس تاب ناک کردار اور ناقابل فراموش خدمات کے حامل ہیں جو کسی تعارف کے ہرگز محتاج نہیں، قرطبہ و مستنصریہ، جامعہ ازہر و جامعہ نظامیہ بغداد، بخارا و سمرقند اور بریلی و دیوبند جیسے عظیم مدارس میں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں تشنگان علم کو علوم قدیمہ و جدیدہ سے آراستہ و پیراستہ کیا گیا، جنھوں نے اپنے علم و عمل اور اخلاق و کردار کی بلندی سے پورے عالم کو انقلاب اسلامی سے روشن و منور کر دیا۔

یہ نظام تعلیم، عہدِ استعمار سے سرکاری سرپرستی سے محروم ہے اور نجی شعبے میں چل رہا ہے۔ اس نظام کو علما و مشائخ، مخیرین اور مسلم معاشرے کے اصحاب ثروت اور عامۃ الناس اپنے رضاکارانہ تعاون کے ساتھ قائم رکھے ہوئے ہیں اور عوام بھی اس ملی و قومی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے ان کے ساتھ مخلصانہ تعاون کرتے ہیں اور عوام کی دل چسپی اور تعاون ہی کی وجہ سے دینی مدارس اور ان میں طلبہ و طالبات کی تعداد دن بدن بڑھتی جارہی ہے اور ان کا دائرہ کار مسلسل وسیع ہو رہا ہے۔

زیرِ نظر مقالے میں ماضی قریب کے ممتاز دانش ور ڈاکٹر محمود احمد غازی کے دینی مدارس کے نظام و نصاب وغیرہ سے متعلق افکار کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔

## محمود احمد غازی ایک ہمہ جہت دانش ور

محمود احمد غازی [م: ۲۶ ستمبر ۲۰۱۰] ان ارباب علم و دانش میں سے ہیں جو قدیم و جدید علوم پر گہری نظر رکھتے تھے اور دور جدید کے فکری و تہذیبی مزاج اور نفسیات سے پوری طرح باخبر تھے۔ آپ قدیم و جدید علوم کا

حسین امتزاج تھے۔ آپ نے عصرِ حاضر میں اسلام اور مسلمانوں کو تعلیم و تحقیق، تہذیب و تمدن، فکر و فلسفہ، معیشت و معاشرت، ریاست و سیاست اور قانون و عدلیہ کے دائروں میں جن مسائل کا سامنا ہے، ان تمام شعبہ جات کی تعمیر نو میں اپنے تبحر علمی، وسعت نظر، غیر معمولی فہم وادراک اور علم و بصیرت کے ساتھ گراں قدر خدمات انجام دیں۔ آپ نے عصر حاضر کے تقاضوں اور ضرورتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے محاضرات و مقالات میں دینی مدارس کے نصاب و نظام تعلیم میں اصلاحات کو ضروری ولازمی قرار دیا ہے۔ انھوں نے اس چیز کی کوشش کی ہے کہ پاکستان میں دینی و اسلامی تعلیم کا ایک جامع اور متوازن نظام تشکیل دیا جائے۔

## محمود احمد غازی اور دینی مدارس سے ان کی وابستگی

محمود احمد غازی کی دینی مدارس کے نصاب اور نظام تعلیم سے خاصی دل چسپی کی اہم وجہ یہ ہے کہ وہ خود دینی مدرسہ کے تعلیم یافتہ تھے اور طویل تدریسی تجربے کی بنیاد پر مدارس کے نصاب و نظام تعلیم کی خوبیوں اور خامیوں سے بخوبی آشنا تھے۔ ایک موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں:

> میں خود دینی مدارس کی پیداوار ہوں، اور دینی مدارس سے ربط و ضبط کا چالیس سالہ تجربہ رکھتا ہوں۔ الحمد للہ میرے خاندان میں کم از کم ایک درجن بزرگ ایسے رہے ہوں گے جنھوں نے دینی مدارس قائم فرمائے، یا دینی مدارس میں اعلیٰ ترین سطح پر انھوں نے تعلیم دی۔ اس لیے خوش قسمتی سے ان مدارس سے میں جتنا واقف ہوں، وہ آپ حضرات گرامی کی واقفیت سے کچھ کم واقفیت نہیں ہے۔ یہی تعلق، واسطہ اور پیش آمدہ چیلنج کی شدت مجھے غیر روایتی اسلوب سخن اختیار کرنے پر مجبور کرتی ہے۔[۱]

شاہ معین الدین ہاشمی، جناب محمود احمد غازی کے اس تعلق پر روشنی ڈالتے ہوئے کہتے ہیں:

> دینی مدارس اور ان کا نظام و نصاب تعلیم ڈاکٹر محمود احمد غازی کی دل چسپی کا ایک اہم میدان رہا ہے۔ آپ زندگی بھر اس جہد مسلسل میں لگے رہے کہ دنیاے اسلام میں بالعموم اور پاکستان میں بالخصوص دینی و اسلامی تعلیم کا ایک جامع اور متوازن نظام وضع کیا جائے۔ اس سلسلے میں آپ نے تحریر و تقریر ہر دو ذریعوں سے بھرپور کوشش کی۔ علاوہ ازیں ایسے رجال کار تیار کرنے پر بھی محنت کی جو آپ کی اس فکر کو نہ صرف زندہ رکھیں، بلکہ ملک میں اس کے نفاذ کے لیے کوشاں رہیں۔[۲]

مولانا ابو عمار زاہد الراشدی لکھتے ہیں:

---

۱۔ سلیم منصور خالد، **دینی مدارس میں تعلیم**، ڈاکٹر محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: ''دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟'' (اسلام آباد: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، ۲۰۰۵ء)، ۷۶۔

۲۔ شاہ معین الدین ہاشمی، ''دینی مدارس کا نظام و نصاب۔ ڈاکٹر محمود احمد غازی کے افکار سے استفادہ'' شش ماہی **معارف اسلامی**، اسلام آباد، ۱۰ : ۱، (جنوری ۲۰۱۱ء تا جون ۲۰۱۱ء)، ۱۷۳۔

ڈاکٹر محمود احمد غازی مرحوم کو عام طور پر یونی ورسٹی کی دنیا کا آدمی سمجھا جاتا رہا ہے، حالاں کہ وہ اصلاً دینی مدارس کے ماحول کے آدمی تھے اور جدید تعلیم کی دنیا میں روایتی دینی حلقوں کی بھرپور اور کامیاب نمائندگی کر رہے تھے۔ جدید ماحول میں آج کے اسلوب اور اصلاحات میں دین اسلام اور امت مسلمہ کے روایتی اور اجماعی موقف کی جس کامیابی اور اعتماد کے ساتھ وہ نمائندگی کرتے تھے، مجھے اس معاملے میں اس حوالے سے بلا مبالغہ ان کا کوئی ثانی دکھائی نہیں دے رہا۔ علمی محاذ پر بہت سی شخصیات ان پر تفوق رکھتی ہیں، لیکن علم کے صحیح اور بر وقت استعمال اور علم و فکر میں توازن کے حوالے سے وہ اپنے معاصرین میں سب سے نمایاں تھے۔ ڈاکٹر صاحب دینی اور عصری علوم پر یکساں دسترس رکھتے تھے۔ [۳]

زیر نظر مقالہ ڈاکٹر محمود احمد غازی کے علمی و فکری محاضرات و مقالات کی روشنی میں دینی مدارس کے نصاب اور نظام تعلیم کے مختلف پہلوؤں کا ایک تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ پیش کرتا ہے۔

## دینی مدارس کی افادیت و اہمیت

مدارس نے تاریخ میں پہلی مرتبہ تعلیم اور علم کی وحدت کے تصور کو اجاگر کیا۔ انسانی علم و فکر کی تاریخ میں مدرسے اور اس کے ساتھ وابستہ شخصیات نے وحدت علم کا یہ تصور پیش کیا، جہاں عقل و وحی ایک کل کی حیثیت سے باہم دگر مربوط ہیں۔ یہاں روایتی دینی علم جدید ترین انسانی دریافتوں کے ساتھ مشترکہ انسانی یافت کی حیثیت سے ہم آہنگ ہے۔ دینی مدارس نے پوری اسلامی تاریخ میں عموماً اور پچھلے دو سو سال سے خصوصاً ایک انتہائی مؤثر اور تعمیری کردار ادا کیا ہے اور انھی مدارس نے نام ور عبقری شخصیات کو جنم دیا ہے۔

ڈاکٹر محمود احمد غازی "دینی تعلیم اور عصر حاضر میں اس کی معنویت" کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں:

> یہ روایت، جس کا آغاز فارابی اور اس کے ہم عصر حضرات کے ہاتھوں نہیں، بلکہ اس سے بھی پہلے صحابہ، تابعین اور اتباع تابعین کے ہاتھوں ہوا تھا، گیارہ سو سال سے بھی زیادہ عرصہ جاری رہی۔ ان گیارہ سو سالوں میں علم، جس کی نمائندگی مسلم علمانے مدرسے میں کی تھی، نے انسانی فکر اور علم کی ایک عالم گیر متوازی وحدت کی نمائندگی کی۔ ماہرین سائنس، معروف ماہر طبیعیات ابن سینا جیسے لوگوں، محدثین، مفسرین، فقہا، علماے فلسفہ وغیرہ حضرات نے ایک ہی چھت کے نیچے تعلیم و تربیت پائی۔ مسلم ہندوستان کی نامور عبقری شخصیت، جن کا تذکرہ علامہ اقبال نے بھی کیا ہے، مدرسے ہی کی دین تھی۔ اقبال نے شیخ احمد سرہندی کے بارے میں کہا ہے کہ وہ ہندوستان کے سب سے بڑے عبقری تھے۔ [۴]

---

۳۔ ابو عمار زاہد الراشدی، "ایک معتمد فکری راہ نما"، ماہ نامہ **الشریعہ**، خصوصی اشاعت بیاد محمود احمد غازی، (۲۰۱۱ء)، گوجرانوالہ، ۵۵۔

۴۔ محمود احمد غازی، **محاضرات تعلیم**، "دینی تعلیم اور عصر حاضر میں اس کی معنویت" (کراچی: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز)، ۵۰ – ۵۱۔

**ڈاکٹر محمود احمد غازی دینی مدارس کی افادیت و اہمیت اور نصاب تعلیم کے بارے میں فرماتے ہیں:**

دینی مدارس نے پچھلے دو سو سال سے خاص طور پر اور اس سے پہلے پوری اسلامی تاریخ میں عام طور پر ایک انتہائی فعال، تعمیری اور مؤثر کردار ادا کیا ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ ہمارے ہاں دینی مدارس اور غیر دینی مدارس کی تفریق نہیں تھی۔ تقریباً بارہ سو سالہ اسلامی تاریخ میں دنیائے اسلام اس تفریق سے نا آشنا رہی ہے۔ جس نظام تعلیم کی پیداوار مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ [م: ۱۳ نومبر ۱۶۲۴ء] تھے، جنھیں دنیائے اسلام نے دوسرے ہزاریے کا مجدد قرار دیا، جن کو علامہ محمد اقبالؒ نے مسلم ہندوستان کا سب سے بڑا Religious Genius یعنی دینی نابغہ قرار دیا۔ اسی نظام تعلیم کی پیداوار اس دور کے دوسرے تمام اہل علم، ارباب سیاست و حکومت اور دیگر اصحاب ادب و دانش بھی تھے۔ حضرت مجدد صاحب اور سلطنت مغلیہ کے وزیر اعظم نواب سعد اللہ خاں مرحوم دونوں ہم درس تھے۔ وہ ایک ہی درس گاہ میں اور ایک ہی استاذ کے سامنے زانوے تلمذ تہہ کرکے تیار ہوئے تھے۔ تاج محل اور دوسری عظیم الشان عمارتیں بنانے والا ماہر تعمیرات بھی انھی درس گاہوں کا پڑھا ہوا تھا، جس درس گاہوں سے شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے والد شاہ عبد الرحیم رحمۃ اللہ علیہ پڑھ کر تیار ہوئے تھے۔ (۵)

**ڈاکٹر غازی اپنی ایک اور گفت گو میں کہتے ہیں:**

مغلیہ دور میں جس درس گاہ نے، جس نظام تعلیم اور نصاب تعلیم نے مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ جیسا شخص پیدا کیا، جس کے بارے میں علامہ اقبال مرحوم کا یہ جملہ ہمیشہ دہرایا کرتا ہوں کہ The greatest religious genius produced by Muslim India، (مسلم ہندوستان نے سب سے بڑا جو مذہبی عبقری پیدا کیا، وہ شیخ احمد سرہندی تھے)، اسی نظام میں نواب سعد اللہ خان بھی تیار ہوا تھا جو مجدد صاحب کا کلاس فیلو تھا اور جو سلطنت مغلیہ کا وزیر اعظم بنا۔ وہ سلطنت مغلیہ جو موجودہ افغانستان، پاکستان، ہندوستان، نیپال، بنگلہ دیش، سری لنکا، بھوٹان، سِکّم، برما، ان سب ریاستوں پر مشتمل تھی۔ اس کے نظام کو اس نے شاہ جہاں کے زمانے میں کام یابی سے چلایا تھا۔ پھر استاد احمد معمار جس نے تاج محل بنایا، یہ بھی مجدد صاحب کا کلاس فیلو تھا۔ یہ تینوں ایک ہی استاد کے شاگرد تھے اور ایک ہی درس گاہ کے پڑھے ہوئے تھے۔ اب دیکھیے کہ ایک وہ شخص جس نے دنیا کی متمدن ترین سلطنت کو اس کام یاب ترین ادوار میں قیادت فراہم کی اور اس کا نظام چلا کر دکھایا، دوسرا وہ شخص جو ہندوستان کی تاریخ کا سب سے بڑا مذہبی عبقری ہے، جس کی عظمت کو بیان کرنا دشوار ہے اور جس نے برصغیر کی دینی تحریکات پر اتنا گہرا اثر ڈالا کہ بعد کی کوئی دینی تحریک اور کوئی دینی سرگرمی اس کے اثر اور شخصیت کے احترام سے خالی نہیں ہے، اور تیسرا وہ شخص جس نے دنیا کے سات عجائب میں سے ایک عجوبہ بنایا، یہ تینوں افراد یہ ایک ہی نصاب کے پڑھے ہوئے اور ایک ہی تعلیمی نظام کی پیداوار تھے۔ یہی اسلام کا آئیڈیل اور یہی اسلام کا معیار ہے۔ (۶)

---

۵- سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: ''دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟''، ۶۱- ۶۲۔

۶- محمود احمد غازی، ماہنامہ **الشریعہ**، ''مغرب کا فکری و تہذیبی چیلنج اور علما کی ذمہ داریاں'' (مارچ ۲۰۰۵ء)، ۱۴۔

# یکساں نظام تعلیم

محمود احمد غازی پاکستان میں یکساں نظام تعلیم کے حامی تھے اور دینی و دنیاوی تعلیم کی تفریق کو سیکولرازم کی بنیاد قرار دیتے تھے۔ آپ کہتے ہیں:

ملک میں دینی تعلیم اور غیر دینی تعلیم کے جداگانہ اور بالکل الگ الگ ادارے جس انداز سے قائم ہیں، اس سے ملک وملت کی وحدت اور یک جہتی متأثر ہو رہی ہے۔ اس سے روزانہ، آنے والا ہر لمحہ اور ہر صبح طلوع ہونے والا سورج ملک میں دوئی، ثنویت اور افتراق کے جراثیم لے کر آرہا ہے۔ اگر اجازت دی جائے تو سخت لفظ استعمال کرنا چاہتا ہوں کہ یہ دوئی سیکولرازم کے فروغ میں مدد و معاون ثابت ہو رہی ہے۔ ہم نے بطور قوم اور ملک، غالباً اس بات کو عملاً قبول کر لیا ہے، یا کم از کم ہم میں سے بہت سے لوگوں نے قبول کر لیا ہے کہ دین اور دنیا دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ دین کے مقاصد کی خاطر فلاں اداروں میں لوگ تیار ہوں گے اور دنیا کے مقاصد کی خاطر فلاں فلاں اداروں میں تیار ہوں گے۔۔۔۔۔ دین و دنیا کی اسی فکری اور نظری تفریق کی بنیاد پر سیکولرازم کی عمارت استوار ہوتی ہے۔[۷]

پاکستان میں اسلامی معاشرے کے قیام اور صحیح معنوں میں اسلامی مملکت کے لیے یکساں نظام تعلیم کا ہونا لازمی امر ہے۔ ڈاکٹر غازی کہتے ہیں:

پاکستان کو اگر صحیح معنوں میں اسلامی مملکت بنانا ہے۔ اگر یہاں اسلامی قوانین کا صحیح طور پر نفاذ ہونا ہے یا اگر اس ملک میں صحیح مثالی معاشرہ بنانا ہے جو ہم جیسے کروڑوں لوگوں (جو گزر گئے اور آنے والوں) کے خوابوں کی تعبیر ہے تو یہاں نظام تعلیم کی وحدت اور یکسانیت ایک ناگزیر عمل ہے۔ دینی اور دنیاوی تعلیم کے دو طرح کے اداروں کا وجود سیکولرازم کو فروغ دے رہا ہے اور دیتا رہے گا۔ اس سے میری مراد یہ نہیں ہے کہ دینی تخصص کے ادارے الگ نہ ہوں تاہم ایک سطح تک تعلیم میں یکسانیت ناگزیر ہے جو ہمارے حالات کے مطابق کم سے کم میٹرک اور زیادہ سے زیادہ انٹرمیڈیٹ ہو۔ دس سال تک مکمل یکسانیت ہو، جس میں کسی ادارے کو کسی پرائیویٹ یا غیر ملکی ایجنسی سے وابستگی کی اجازت نہ ہو، اے لیول، او لیول، کیمبرج، آکسفورڈ یہ سب ملک کو تعلیمی لحاظ سے تقسیم کر رہے ہیں۔ ایک یکسانیت ہونی چاہیے۔ اس کے بعد تخصص کے ادارے سرکاری اور غیر سرکاری دونوں سطح پر ہونے چاہئیں۔ جس کو جس تخصص میں جانا ہو وہ اس میں چلا جائے۔ جب تک یہ نہیں ہوگا پاکستان کو ایک اسلامی جمہوریہ یا اسلامی معاشرہ بنانے کا خواب شرمندہ تعبیر ہونا بڑا دشوار معلوم ہوتا ہے۔[۸]

ڈاکٹر غازی ملت اسلامیہ کی یک جہتی کے لیے یکساں نظام تعلیم کو لازمی شرط قرار دیتے ہیں۔ آپ کے نزدیک نظام تعلیم کی یکسانیت اور ایسی ہر صورت حال جس سے مسلمان دو مختلف طبقوں یا ایک سے زائد طبقوں میں

---

۷۔ سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: "دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟"، ۶۲۔

۸۔ محمود احمد غازی، "پاکستان میں دینی تعلیم۔ پس منظر و پیش منظر"، **محاضرات تعلیم**، ۴۷۔

تقسیم ہو جائیں، وہ طبقے تعلیم کے نام پر قائم کیے جائیں، وہ طبقے کسی کی آمدنی کے نام پر قائم کیے جائیں یا رنگ اور نسل کی بنیاد پر قائم کیے جائیں، ان تمام طبقوں اور ان طبقوں کی بنیاد پر الگ الگ تعلیمی، دینی اور مذہبی اداروں کا وجود اسلام کے مزاج کے خلاف اور غیر اسلامی ہے۔[۹]

اسلامی تاریخ میں اس سے پہلے کبھی بھی ایسا نہیں تھا کہ دینی اور دنیاوی تعلیم کے دو الگ نظام موجود رہے ہوں۔ ڈاکٹر غازی اس دینی اور دنیوی علوم کے جداگانہ تصور کو مغربی سیکولرازم کی باقیات قرار دیتے ہیں، اور اس کے بارے اپنے نقطۂ نظر کو یوں بیان کرتے ہیں:

یہ تاثر کہ دینی اور دنیوی علوم جدا جدا ہیں، اسلامی تاثر نہیں، بلکہ یہ مغرب کا تحفہ اور مغربی سیکولرازم کے باقیات و اثرات میں سے ہے۔ مجھے یہ بات کہنے میں کوئی تامل نہیں اور میں بغیر کسی تردد کے یہ بات عرض کرتا ہوں کہ جب تک یہ دو نظام الگ الگ رہیں گے، دنیائے اسلام میں سیکولرازم کو فروغ ملتا رہے گا۔ سیکولرازم کیا ہے؟ سیکولرازم یہ ہے کہ جو چیز مذہبی ہے، وہ مذہبی دائرے میں رہے اور جو غیر مذہبی ہے، وہ غیر مذہبی دائرے میں رہے اور ان دونوں کے درمیان کوئی اتفاق پیدا نہ ہو۔ یہ دونوں ایک نہر یا ایک دریا کے دو کنارے ہیں جو آپس میں نہیں ملتے اور ایک دوسرے کے متوازی چلتے رہتے ہیں۔ زندگی کو دو متوازی نظاموں اور دو متوازی حصوں میں تقسیم کرنا، اسی کو سیکولرازم کہتے ہیں۔ یہی لامذہبیت اور لادینیت ہے۔ لادینیت کسی اور چیز کا نام نہیں ہے۔[۱۰]

آپ مزید کہتے ہیں:

آج اگر آزاد اسلامی جمہوریہ پاکستان میں دینی تعلیم کا مقصد پاکستان کی تمام دینی ضرورتوں کی تکمیل نہیں ہے تو میں اپنے دل کے زخموں سے مجبور ہو کر سخت لفظ کہنے پر اپنے کو مجبور پاتا ہوں۔ وہ یہ کہ پھر سوچا جانا چاہیے کہ کیا ایسی دینی تعلیم کی ضرورت بھی ہے کہ نہیں؟ اگر پاکستان کی موجودہ دینی تعلیم، پاکستان کو، پاکستان کے مسلمانوں کو اور پاکستان کے اداروں کو، اسلام کے مطابق نہیں ڈھالنا چاہتی اور ڈھالنے کے لیے رجال کار تیار کرنے کے لیے آمادہ نہیں تو پھر اس دینی تعلیم کی ضرورت پر از سر نو غور کر لینا چاہیے کہ اس کی ضرورت بھی ہے کہ نہیں ہے۔[۱۱]

## درس نظامی کی تدریس اور اس کے اہداف و مقاصد

مولانا نظام الدین سہالوی [م: ۱۷۴۸ء] نے اپنے دور میں جو نظام تعلیم وضع کیا تھا وہ ان کے نام کی نسبت کی وجہ سے درسِ نظامی کہلاتا ہے۔ وہ کسی حد تک اور بہت کچھ تبدیلیوں کے ساتھ آج بھی ہمارے مدارس میں

۹۔ دیکھیے: سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: ''دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟''، ۶۲۔

۱۰۔ محمود احمد غازی، ''مغرب کا فکری و تہذیبی چیلنج اور علماء کی ذمہ داریاں'' ماہنامہ **الشریعہ** (مارچ ۲۰۰۵ء)، ۱۳۔

۱۱۔ سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: ''دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟''، ۶۷–۶۸۔

مروج ہے۔ ڈاکٹر غازی کہتے ہیں:

یہ بات بلاخوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ ماضی قریب میں برصغیر کے جتنے دینی قائدین اور اہل علم پیدا ہوئے ہیں، ان میں ۹۵ فیصد کا تعلق اس نظام تعلیم سے رہا ہے۔ اس کی کچھ خصوصیات ہیں جو اسے دوسرے نظاموں سے منفرد بناتی ہیں، جو حالات کی پیداوار ہیں اور جن سے غالباً ان حالات میں اور اس ماحول میں بچا نہیں جاسکتا تھا اور نہ صرف نظر کیا جاسکتا تھا۔ ۔۔۔۔ درس نظامی محض دینی تعلیم کا نظام نہیں تھا۔۔۔۔ یہ تو اس زمانے کے حساب سے ایک ماڈرن اور اپ ٹوڈیٹ نظام کا خاکہ تھا، جو اس زمانے کے ایک صاحب علم نے وضع کیا تھا۔۔۔۔ ملا نظام الدین نے اس زمانے میں جتنے مروج علوم تھے۔ جس کا اندازہ ۵۶ کے قریب لگایا جاتا ہے، ان سب کو یک جا کر کے ایک ایسے آٹھ سالہ نظام تعلیم کا خاکہ پیش کیا، جس کو آج کل گریجویشن کی ڈگری کے برابر قرار دے سکتے ہیں۔ [۱۲]

ڈاکٹر صاحب نے درس نظامی کی تین اہم خصوصیات بیان کی ہیں۔

۱۔ درس نظامی کی بنیادی خصوصیت یہ تھی کہ اس کا بڑا حصہ تین بنیادی علوم: فقہ، اصول فقہ اور منطق پر مشتمل تھا۔

۲۔ دوسری خصوصیت یہ تھی کہ جتنے علوم اس زمانے میں مسلم ہندوستان میں مروج تھے، وہ اس میں شامل تھے۔ کوشش یہ تھی کہ اس نصاب کا فارغ کسی رائج الوقت علم سے بالکل ناواقف نہ ہو، چاہے وہ سائنس ہو، طب ہو، انجینئرنگ ہو، جو بھی اس زمانے کی سائنس اور انجینئرنگ تھی، وہ اس میں شامل تھی۔ اقلیدس، الجبرا، جیومیٹری اور ریاضی کے مضامین اس زمانے میں بھی نصاب میں شامل تھے۔ آزاد معاش کا طریقہ اختیار کرنے میں مدد دینے کے لیے طب شامل نصاب تھی۔ یہی وجہ تھی کہ اس درس کے پڑھے ہوئے بے شمار لوگ طبیب، مہندس، منتظم اور معمار تھے۔

۳۔ یہ نصاب نہایت ٹھوس اور مشکل تھا اور فارغ ہونے والے کے لیے ہر فن کی اعلیٰ سے اعلیٰ کتاب سے گزرنا ضروری تھا۔ یہ اس لیے کیا جاتا تھا کہ کوئی کتاب آگے چل کر اس کے لیے مشکل نہ رہے۔ [۱۳]

ڈاکٹر غازی، درس نظامی کے اہداف و مقاصد کے بارے میں اپنا نقطۂ نظر یوں بیان کرتے ہیں کہ: درس نظامی بنیادی طور پر گریجویشن کی تعلیم تھی، تخصص کی تعلیم نہیں تھی، اور اس کا مقصد ایک ایسا گریجویٹ پیدا کرنا تھا جو زمانے کے مروج علوم میں ضروری مہارت سے لیس ہو۔ اس لیے اس میں تفسیر اور حدیث کی چند کتابیں اس نقطۂ نظر سے شامل کی گئی تھیں کہ طلبہ میں تفسیر و حدیث کے لٹریچر کے مطالعے کی قابلیت پیدا ہو جائے۔ [۱۴]

---

۱۲۔ محمود احمد غازی، ''قدیم وجدید تعلیم میں ہم آہنگی''، **محاضرات تعلیم**، ۱۰۲۔ ۱۰۳۔

۱۳۔ دیکھیے: محمود احمد غازی، ''اکیسویں صدی میں پاکستان کے تعلیمی تقاضے''، **محاضرات تعلیم**، ۲۶۰ ۔ ۲۶۱۔

۱۴۔ دیکھیے: محمود احمد غازی، ''قدیم وجدید تعلیم میں ہم آہنگی''، **محاضرات تعلیم**، ۱۰۵۔

ڈاکٹر غازی ایک موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں:

دینی مدارس کا نظام وہ درس نظامی ہو یا اس کی کوئی مزید بہتر شکل، اس کا بنیادی مقصد دینی علوم کے محققین، محدثین، مفسرین، فقہا، مبلغین اور مربی پیدا کرنا ہے۔ ۔۔۔ یہ دینی تخصص کے ادارے ہیں اور انھی رجال کار کی تیاری کے ادارے رہیں گے، لیکن ہم سب لوگ فرداً فرداً یہ بات محسوس کرتے ہیں کہ دینی مدارس کے متخصصین، علما، فقہا، محدثین، مفسرین کو عصر حاضر میں اپنے تخصص کو عام لوگوں تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ اس تخصص کے مطابق، ملکی نظام کو ڈھالنے اور اس کے مطابق ملک کے مختلف اداروں کی تشکیل نو کے لیے بعض ایسی جزوی، معنوی تبدیلیوں، یا جامع علوم اور مہارتوں کی ضرورت ہے جس کے بغیر دور جدید میں دینی تعلیم کے تقاضوں پر کما حقہ عمل درآمد نہیں کیا جاسکتا۔(۱۵)

## دینی مدارس اور عصری تعلیمی تقاضے

پاکستان میں دینی مدارس کے نصاب تعلیم میں عصر حاضر کے تقاضوں، عصری مزاج اور ضرورتوں کے پیش نظر تبدیلیوں کی اشد ضرورت ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ قدیم و جدید کے ٹکراؤ، اور اس فاصلے کو ختم کرنے کے لیے تعلیم کے ان دونوں شعبوں کو ایک ساتھ لے کر چلا جائے؛ کیوں کہ عصر حاضر میں کمپیوٹر اور سائنس، معاشیات و سیاسیات کی تعلیم بھی اتنی ضرورت و اہمیت کی حامل ہے جتنی کہ دینی تعلیم۔

ڈاکٹر غازی علوم جدیدہ کی اہمیت و افادیت کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

آج انگریزی زبان اور جدید مغربی علوم و فنون کے بارے میں ہم سے کچھ تاخیر ہو گئی ہے، اس تاخیر کی وجہ سے کچھ انگریز خواں مسلمانوں میں مخدوم بننا چاہتے ہیں یا بنے ہوئے ہیں تو یہ ایک عارضی اور وقتی چیز ہے۔ ان شاءاللہ انگریزی زبان اور یہ جدید کمپیوٹر، یہ سائنس اور یہ ٹیکنالوجی سب کی سب اسلام کی خادم بنیں گی۔ مگر اس کے لیے عزم و ارادے کی ضرورت ہے۔

اگر امام محمد بن الحسن الشیبانی رحمہ اللہ کو اس کی ضرورت تھی کہ وہ اپنے دور کے معاشی طور طریقے سمجھیں اور اس کو دینی تقاضا سمجھ کر روزانہ بازار میں چند گھنٹے گزاریں اور یہ دیکھیں کہ کاروبار کیسے ہوتا ہے؟ تو کیا عہد حاضر کے متخصصین اور فقہا اور امام محمد کے متبعین اور تلامذہ کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ آج کل کے بازاروں کے اس کردار اور کاروباری امور سے واقف ہوں، کہ ان بازاروں میں کیا ہو رہا ہے؟ اس کے لیے معاشیات کی تعلیم اور جدید بینکاری کے اصولوں کی تعلیم ضروری ہے۔

یہ سب فنون بد قسمتی سے انگریزی میں ہیں، اس لیے انگریزی سیکھنا ضروری ہے۔ اگر امام غزالی اپنے دور میں منطق کے

---

۱۵۔ سلیم منصور خالد، مرتب، مرجع سابق، خطبہ محمود احمد غازی، ''دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟''، ۶۶۔ ۶۷۔

بارے میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ "**من لم یعرف المنطق فلا ثقة له في العلوم أصلا**."[۱۶] جس آدمی نے منطق نہیں سیکھی، اس کا علم میں کوئی مقام اور وزن نہیں۔۔۔۔ تو اس لیے اس دور میں اہمیت منطق کی تھی۔ اسی طرح آج کے دور میں اگر کچھ علوم وفنون، انگریزی زبان، معاشیات، ریاضی، کمپیوٹر کو اہمیت حاصل ہو گئی ہے تو علماے کرام کو آگے بڑھ کر امام غزالی کی طرح اس کا ادراک کرنا چاہیے۔"[۱۷]

ڈاکٹر صاحب امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے اس جملہ کو اکثر ذکر کیا کرتے تھے کہ **من لم یعرف أهل زمان فهو جاهل** (جو اپنے زمانے کے لوگوں کو نہیں جانتا وہ جاہل ہے)۔ یعنی اس کا علم قابل اعتبار نہیں۔ لہٰذا ہر زمانے کے ماحول کی زبان اور اس کے محاورے کا جاننا ضروری ہے۔ قرآن حکیم میں فرمایا گیا: ﴿وَمَآ أَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ﴾[۱۸] اور ہم نے تمام رسولوں کو ان کی قوم ہی کی زبان میں پیغمبر بنا کر بھیجا، تاکہ وہ ان کے لیے کھول کر بیان کر سکیں۔

ڈاکٹر غازی اس کی وضاحت یوں بیان کرتے ہیں:

لسان قوم میں صرف اردو یا پنجابی یا انگریزی شامل نہیں ہیں۔ لسان میں وہ پورا تہذیبی پس منظر بھی شامل ہے جو اس زبان میں شامل ہوتا ہے۔۔۔ زبان خیالات کے انتقال کا یا بیان کرنے کا محض کوئی وسیلہ نہیں ہے، ہر لفظ کے پیچھے تاریخ اور پوری تہذیب اور پوری فکر ہوتی ہے۔ وہ فکر اور تہذیب خود بخود اس لفظ کے سامنے آتی ہے۔[۱۹]

ڈاکٹر غازی علماے کرام کے لیے عصر حاضر کی زبان اور اس کے محاورے سے آگاہی کو لازمی قرار دیتے ہیں، تاکہ دور جدید کا آدمی ان کے علوم سے استفادہ کر سکے؛ کیوں کہ ہر دور کا ایک محاورہ اور ایک زبان ہوتی ہے۔ قرآن مجید اور سنت تو ایسی چیز ہیں جو ہمیشہ کے لیے ہیں اور ہمیشہ رہیں گی۔ ان کا محاورہ ہر دور کے لیے ہے اور ہر دور کے لیے رہے گا۔ ان کے محاورے میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ وہ ہمیشہ وہی رہے گا، اور ان کو ہمیشہ انھی کے محاورے اور انھی کی اصطلاح میں سمجھا جائے گا، لیکن فقہا کرام، شارحین حدیث اور مفسرین نے شریعت کے

---

۱۶- مصطفی بن عبد اللہ خلیفہ چلپی، **کشف الظنون عن أسامي الکتب والفنون** (بیروت: دار إحیاء التراث العربي)، ۰۲: ۱۸۶۲؛ صدیق بن حسن القنوجی، **أبجد العلوم**، تو شیخ عبد الجبار زکار (بیروت: دار الکتب العلمیة)، ۲: ۵۲۱۔

۱۷- سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: "دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟"، ۴۳ – ۴۷۔

۱۸ – القرآن، ۱۴: ۴۔

۱۹- محمود احمد غازی، **محاضرات تعلیم**، "دینی و عصری تعلیم کا امتزاج۔ فوائد و نقصانات"، ۱۲۱۔

نصوص کو اپنے اپنے زمانے سے Relate کیا اور اپنے زمانے کے محاورے میں اس کی تعلیم کو مرتب کیا ہے۔ یہ محاورہ حالات کے بدلنے سے بدل سکتا ہے۔ ماضی میں بھی بدلتا رہا ہے اور آئندہ بھی بدلتا رہے گا۔۔۔ یہ غلط مبحث اور غلط فہمی ہے کہ علما کو انجینئر یا ڈاکٹر بنانا مقصود ہے۔ نہیں، بلکہ مقصود یہ ہے کہ وہ علوم وفنون جنھوں نے آج کل کی تہذیب کی تشکیل کر رکھی ہے اور جن کی بنیاد پر آج ساری دنیا کا نظام چل رہا ہے حتیٰ کہ پاکستان، سعودی عرب اور ایران میں بھی چل رہا ہے، ان سے علما بھی مناسب طور پر واقف اور مانوس ہوں۔[۲۰]

ڈاکٹر غازی دور جدید کے اجتہاد طلب مسائل کے حوالے سے چند سوالات بیان کرنے کے بعد کہتے ہیں:

ان سوالات کا جواب نہ محض فقہی اسلوب استدلال سے کام لے کر دیا جا سکتا ہے اور نہ محض متکلمین اسلام کی تحریروں سے۔ اس کام کے لیے نہ صرف قرآن مجید پر گہری نظر اور پیغام قرآن میں عمیق بصیرت کی ضرورت ہے، بلکہ فکر اسلامی میں مہارت، تصوف اور کلام سے واقفیت اور تاریخ اسلام پر گہری نظر کے ساتھ ساتھ جدید مغربی افکار بالخصوص فلسفہ تاریخ اور معرکہ مذہب وسائنس کی تاریخ اور نشیب و فراز سے ناقدانہ واقفیت بھی ضروری ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا ہمارے نصاب تعلیم اور نظام تعلیم میں اس کی گنجائش ہے کہ ایسے اصحاب بصیرت پیدا ہو سکیں جو اس طرح کے چیلنجوں سے عہدہ بر آ ہونے میں امت مسلمہ کی راہ نمائی کر سکیں؟ اکیسویں صدی میں مسلمانوں کے نظام تعلیم کا کم از کم ایک بنیادی ہدف ایسے افراد کار کی تیاری بھی ہونا چاہیے۔[۲۱]

ڈاکٹر غازی کا نقطۂ نظر یہ تھا کہ مدارس کے طلبہ اپنی فکری صلاحیتوں کو اجاگر کریں، اور دور جدید کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہوں۔ یہ عصری ضرورت ہے؛ کیوں کہ: "دور جدید کے تقاضوں کا صحیح اور متوازن احساس و ادراک اور اس کا مناسب جواب ہے۔ دور جدید کے جو تقاضے ہیں، دور جدید میں اسلام کو ایک کار فرما قوت بنانے کی جو مہم ہے، اس میں جہاں جہاں فکری صلاحیت اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، وہ اس نئے مجوزہ اور منتظر نظام کے فارغ التحصیل حضرات میں ہونی چاہیے۔"[۲۲]

ڈاکٹر غازی عصر حاضر کے اسکالرز کے لیے فنی مہارتوں کو ضروری و لازمی قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

امام غزالی نے **إحياء العلوم** میں اور ابن تیمیہ نے **السياسة الشرعية** میں لکھا ہے: ایسی تمام مہارتوں و تخصصات کا حاصل کرنا مسلمانوں کے ذمے فرض کفایہ ہے، جن کے نہ ہونے کی وجہ سے مسلمان، غیر مسلموں کے محتاج بن کر رہیں۔ مسلمانوں کو غیر مسلموں کی محتاجی سے بچانا اور ان کو اپنے تمام دینی و دنیوی معاملات میں خود کفیل بنانا، یہ

---

۲۰۔ دیکھیے: محمود احمد غازی، "مغرب کا فکری و تہذیبی چیلنج اور علماء کی ذمہ داریاں"، ماہ نامہ **الشریعہ**، (مارچ ۲۰۰۵ء)، ۱۵–۱۶۔

۲۱۔ محمود احمد غازی، "دور جدید کے چند اجتہاد طلب مسائل"، ماہنامہ **الشریعہ** (اپریل ۲۰۰۲ء)، ۱۶ – ۱۷۔

۲۲۔ محمود احمد غازی، "قدیم و جدید تعلیم میں ہم آہنگی"، **محاضرات تعلیم**، ۱۰۸۔

مسلمانوں کے ذمے فرض کفایہ ہے۔[۲۳]

اس دور میں فقہ کی تعلیم سے دنیا کے بھی بڑے فائدے ملتے تھے۔ آدمی فقہ پڑھ کر قاضی بن جاتا تھا، مفتی بن جاتا، وزیر اور گورنر بن جاتا تھا۔ امام غزالی نے لکھا: طلبہ فقہ تو بہت پڑھتے ہیں، لیکن طب، ہندسہ کوئی نہیں پڑھتا) امام غزالی نے **إحياء العلوم** میں شکایت کی ہے اور اس بات کی تاکید کی ہے۔ لوگوں کو ان علوم (طب اور انجینئرنگ) کی طرف بھی توجہ دینی چاہیے، اس لیے یہ فرض کفایہ ہے۔ اور ان کے نہ ہونے کی وجہ مسلمان، غیر مسلم طبیبوں، مہندسوں اور انجینئروں کا محتاج رہے گا، اور اس احتیاجی کو ختم کرنا مسلمانوں کے ذمے فرض کفایہ ہے۔[۲۴]

ڈاکٹر غازی اس کی وضاحت ایک مثال سے کرتے ہیں:

ان فنی مہارتوں کی ہر دور کے لحاظ سے ضرورت اور اہمیت بدلتی رہی ہے۔ ایک زمانہ تھا منجنیق کا۔ آپ ﷺ نے چند صحابہ کو یمن بھیجا، تاکہ منجنیق بنانا سیکھ کر آئیں اور وہاں سے لے کر بھی آئیں۔ رسول اللہ ﷺ نے طائف کے معرکہ میں وہ استعمال بھی فرمائیں۔[۲۵] منجنیق کو آج کے "ٹینک" کا پیش رو (Pioneer) کہہ سکتے ہیں، وہ ایک بہت بڑی گاڑی ہوا کرتی تھی، جو قلعوں کی دیوار وغیرہ توڑنے کے لیے استعمال ہوتی تھی۔ اس پر چٹان یا بڑے پتھر رکھ دیے جاتے اور لکڑی کی بنی ہوئی پتوار قسم کی ایک چیز کھینچی جاتی تھی۔ اس پر ایک شدید ضرب کے نتیجہ میں ایک اسپرنگ کے طاقت ور Push کے ساتھ پتھر نکلتا اور قلعے کی دیوار پر لگتا تو قلعے کی دیوار ٹوٹ جاتی تھی۔ صحابہ کرام نے یمن کے عیسائیوں سے اس کی تعلیم سیکھی اور پھر آکر اس مہارت کو طائف کی فتح میں استعمال فرمایا۔[۲۶]

ڈاکٹر غازی مدارس میں تخصص کے معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے اپنا نقطۂ نظر یوں بیان کرتے ہیں:

علمائے کرام کے تعاون سے ایسے تعلیمی کورسز شروع کرائے جائیں کہ جس میں تخصص کے معیارات کو بہتر بناتے ہوئے، اس میں مزید گہرائی پیدا کی جائے اور کوشش کی جائے کہ خود علمائے کرام بعض بنیادی علوم وفنون تک رسائی ضرور حاصل کریں۔ ہم چاہتے ہیں کہ علمائے کرام بقدر ضرورت انگریزی جانتے ہوں اور کمپیوٹر سے کچھ نہ کچھ واقف ہوں۔

---

۲۳- دیکھیے: ابوحامد محمد بن محمد امام غزالی، **إحياء علوم الدين** (بیروت: دار المعرفة، س ن)، ۱: ۲۱۔

۲۴- سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: "دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟"، ۷۰- ۷۱؛ نیز دیکھیے: غزالی، مصدرِ سابق، ۱: ۲۱۔

۲۵- دیکھیے: ابو القاسم عبد الرحمن بن عبد اللہ السہیلی، **الروض الأنف مع السيرة النبوية لابن هشام** (بیروت: دار الكتب العلمية، س ن)، ۴: ۲۵۰۔

۲۶- سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟"، ۷۰۔

علماے کرام بقدر ضرورت جدید معاشیات سے، بینکاری کے نظام سے، بین الاقوامی لین دین اور تجارت سے واقف ہوں۔ بلاسود بنکاری کا نظام قائم کرنے لیے یہ سب چیزیں جاننا ضروری ہے، اس کے بغیر کم از کم پاکستان کے حالات میں ایک قدم بھی پیش رفت نہیں ہو سکتی۔[۲۷]

## دینی مدارس کے نصاب اور نظام تعلیم میں اصلاحات

دینی مدارس کے نصاب تعلیم میں جہاں بہت سی خوبیاں پائی جاتی ہیں، جن کا دیگر تعلیمی اداروں میں رواج تو کیا معنی، تصور بھی نہیں پایا جاتا، وہاں ان تمام خوبیوں کے باوجود چند کم زوریاں اور خامیاں بھی ہیں، جن کی اصلاح کی ضرورت ہے۔ اپنی کم زوریوں اور خامیوں کو صرف اس وجہ سے دور نہ کرنا کہ اعتراض کرنے والے زیادہ تنزل کا شکار ہیں، یہ شیوۂ مصلحین نہیں۔

ڈاکٹر علی اصغر چشتی لکھتے ہیں:

ڈاکٹر محمود احمد غازی چاہتے تھے کہ دینی مدارس کے نظام پر نظر ثانی کی جائے اور نصاب میں ترمیم و تخفیف کی جائے۔ دینی مدارس کی تعداد میں منطقی ترتیب پیدا کی جائے۔ ہر صوبے میں ایک مرکزی جامعہ ہو اور باقی مدارس اس کے ساتھ منسلک ہوں۔ تمام مدارس میں دورۂ حدیث تک درجات نہ ہوں بلکہ بعض مدارس میں ابتدائی درجات ہوں، بعض میں متوسطہ اور محض ان مدارس میں موقوف علیہ اور دورۂ حدیث کا درجہ ہو۔ جن کے پاس قابل اساتذہ اور مناسب وسائل موجود ہوں۔[۲۸]

ڈاکٹر غازی دینی نصاب اور نظام تعلیم کے بارے اپنی بڑی دردمندانہ راے کا اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں: "ایک اچھا نصاب تعلیم طالب علم کو نہ صرف تحقیق اور جستجو کا خوگر بنا دیتا ہے، بلکہ اس میں نئے آفاق علم کے انکشاف کی امنگ بھی پیدا کر دیتا ہے۔ اس پہلو سے دیکھا جائے تو آج ہمارا دینی نظام تعلیم بانجھ محسوس ہوتا ہے۔ تحقیق و جستجو کا ذوق نہ عصری جامعات کے فضلا میں نظر آتا ہے اور نہ دینی مدارس کے فارغ التحصیل حضرات میں۔

یہاں ساقی نہیں پیدا وہاں بے ذوق ہے صہبا

اس کی وجہ یہی ہے کہ تعلیم کے مقاصد و اہداف نہ جامعات میں واضح ہیں اور نہ مدارس میں۔ یہاں مقصد ملازمت کا حصول ہے اور وہاں امامت و خطابت۔"[۲۹]

---

۲۷- مرجع سابق، ۴۷۔

۲۸- علی اصغر چشتی، "پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی، شخصیت اور خدمات"، **معارف اسلامی**، ۱۰: ۰۱ (۲۰۱۱ء)، ۱۰ – ۱۱۔

۲۹- محمود احمد غازی، **محاضرات تعلیم**، "اکیسویں صدی میں پاکستان کے تعلیمی تقاضے"، ۲۷۲۔

ڈاکٹر غازی دینی مدارس کے نصاب اور نظام تعلیم میں تبدیلی کے بارے اہل علم اور جید علماے کرام سے تبادلۂ خیال کرنے کے بعد کہتے ہیں: "علماے کرام کی قابل لحاظ تعداد اس ضرورت کو محسوس کرتی ہے کہ "دینی مدارس کے نظام اور نصاب میں مثبت تبدیلی لائی جانی چاہیے۔" لیکن اس کے ساتھ یہ بات بھی بڑی اہمیت رکھتی ہے کہ ملک کی دینی قیادت میں بعض انتہائی قابل احترام بزرگ ابھی تک ایک مختلف تصور پر سختی کے ساتھ قائم ہیں۔۔۔"[۳۰]

ڈاکٹر غازی دینی مدارس کے فارغ التحصیل ائمہ وخطبا کے حوالے سے اپنا نقطۂ نظر بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

اس وقت امر واقعہ یہ ہے کہ دینی مدارس کے فارغ التحصیل طلبہ کی بہت بڑی تعداد مساجد کی امامت اور خطابت کے فرائض سرانجام دے رہی ہے۔ بلا شبہ مساجد کی امامت اور خطابت مسلم معاشرے میں ایک انتہائی اور بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ معاشرے کی دینی تشکیل اور راے عامہ کی اسلامی تربیت میں ائمہ اور خطبا کے کام کو اساسی اہمیت حاصل ہے۔ لیکن مجھے یہ عرض کرنے میں کوئی باک نہیں کہ درس نظامی کا موجودہ نظام اور نصاب پاکستان کے لیے مطلوبہ صلاحیت اور صفات کے ائمہ اور خطبا تیار نہیں کر تا۔ امامت و خطابت کے لیے بہت سی ضروری صلاحیتوں کی تیاری بندوبست درس نظامی میں موجود نہیں۔۔۔۔ اس لیے مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ مدارس کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی سطح کے تین بلکہ چار سالوں کا نصاب اس طرح تیار کیا جائے کہ اس سے فارغ التحصیل حضرات اچھے امام، اچھے خطیب یا ابتدائی مدرس اور سرکاری سکولوں کے اچھے مدرس بن سکیں۔ اس سطح پر درس نظامی کی عام کتابوں کے ساتھ ساتھ اسلامی معاشیات، اسلام کے سیاسی افکار، سیرۃ النبی ﷺ، صدر اسلام کی تاریخ، تاریخ پاکستان، برصغیر میں اسلامی تحریکات کی تاریخ جیسے موضوعات کے علاوہ تجوید و قراءت کے مضامین کو لازمی طور پر شامل کیا جائے۔ اس سطح پر اردو و عربی کی ایک آسان تفسیر اور حدیث کی دو یا تین کتب ضرور شامل ہوں۔ ابتدائی سالوں میں جب طلبہ کی عربی استعداد زیادہ نہ ہو تو اردو میں دستیاب احادیث کے مجموعوں میں سے کوئی ایک منتخب کیا جاسکتا ہے۔[۳۱]

ڈاکٹر غازی نے بعض جن کتابوں کا ذکر کیا ہے ان میں سے اکثر کتب اب درس نظامی کے نصاب کا حصہ نہیں رہیں، بلکہ اب اس میں بھی کسی حد تک تبدیلی آچکی ہے۔

ڈاکٹر غازی دینی مدارس کے نصاب و نظام میں تبدیلی کے حوالے سے اپنی راے کا اظہار یوں کرتے ہیں:

میری ناچیز راے میں دینی مدارس کے نظام میں اس طرح تبدیلی کی ضرورت ہے کہ ابتدائی تین یا چار سال ضروری دینی علوم، عربی زبان، صرف و نحو اور بقدر ضرورت منطق پڑھائی جائے۔ منطق کی ایک یا دو کتابیں جن سے منطق کا اسلوب

۳۰۔ سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: "دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟"، ۶۳۔

۳۱۔ محمود احمد غازی، "دینی مدارس میں تخصص اور اعلیٰ تعلیم و تحقیق" ماہنامہ **الشریعہ**، (جنوری ۲۰۰۸ء)، ۱۰۔ ۱۱۔

طالب علم کے سامنے آجائے اور وہ قدیم کتابیں سمجھنے کے قابل ہو جائے۔ اسلامی نظام پر بہ حیثیتِ مجموعی نظر، دور جدید کے بعض مذاہب اور نظریات وغیرہ اس کو پڑھائیں۔ چار سال کے بعد ہم اسے گریجوایٹ سطح پر لے آئیں۔ اس کے بعد پھر جو طلبہ محقق بننا چاہتے ہوں، اسلامی علوم وفنون میں ایک تعمق حاصل کرنا چاہتے ہوں، ان کو منطق اور فلسفہ اور اصول فقہ کی اعلیٰ ترین کتابیں اور جو مزید ان کو پڑھانا چاہیں ان کو پڑھائیں۔۔۔۔

اگر یہ طے کر لیا جائے کہ جو طالب علم معمولی صلاحیت رکھتا ہے تو اس کو اچھی تجوید اور قرآن پاک سکھا دیں، حفظ کروادیں، کچھ بنیادی نوعیت کے مسائل یاد کروادیں اور اس کو صرف مؤذنی اور تجوید و تدریس قرآن کے لیے تیار کر لیں۔ جو طلبہ ذرا ذہین ہوں ان کو مسجد کی امامت اور خطابت کے لیے تیار کریں۔ ایک امام مسجد کو جن فقہی مسائل سے سابقہ پیش آئے گا، ایک مسجد کے خطیب کو تقریر کرنے کے لیے جو مسائل جاننے چاہییں، وہ چار پانچ سال میں پڑھادیں۔ اس کے بعد اس سے کہیں کہ اب جا کر امامت کرو۔ اتنی دینی تعلیم کے بعد یہ لوگ اس قابل ہو جائیں گے کہ جا کر مسجدیں سنبھالیں۔ مطلب یہ کہ ان لوگوں کو مسلمانوں کی دینی زندگی کے لیے واقعی تیار کیا گیا ہو۔ اس کے بعد جو لوگ دینی مدارس میں مدرس بننا چاہیں، مختلف علوم وفنون میں محقق بننا چاہیں، ان سے یہ طے کر لیں کہ وہ کن علوم وفنون میں، کن میدانوں میں استاذ بننا چاہتے ہیں۔[۳۲]

عصر حاضر میں علمائے کرام کو Social Sciences اور Humanities سے بقدر ضرورت واقفیت لازمی ہے، جس طرح آج سے ایک ہزار سال پہلے منطق کو جاننا ضروری تھا۔ اب عصر حاضر کے تقاضوں کے مدنظر رکھتے ہوئے دینی مدارس کے نصاب تعلیم میں جدید عصری علوم کو شامل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔[۳۳]

## فارسی زبان کی تدریس کا اہتمام

ڈاکٹر غازی دینی مدارس میں فارسی زبان وادب کی تدریس کے احیا کو ضروری سمجھتے ہیں؛ کیوں کہ فارسی زبان میں مسلمانوں کا عظیم دینی ورثہ موجود ہے۔ آپ کہتے ہیں:

برصغیر میں ایک طویل عرصے تک دینی علوم وفنون کی تدریس فارسی زبان میں ہوتی رہی ہے۔ فارسی ہی جنوبی ایشیا اور افغانستان کی علمی اور ثقافتی زبان رہی ہے۔ ہندوپاکستان کے دینی مدارس میں ابتدائی تعلیم بھی فارسی ہی میں ہوتی تھی۔ اگر چہ فارسی کو ذریعۂ تعلیم بنانا اور دینی وعربی وعلوم کے لیے فارسی زبان کو استعمال کرنا اردو کے رواج پاجانے کے بعد غیر موزوں اور غیر مفید تھا، لیکن فی نفسہ فارسی زبان وادب کی ضروری تعلیم میں بہت افادیت تھی۔ طلبہ برصغیر کے دینی ورثہ سے واقف ہو جاتے تھے۔ برصغیر کے دینی اکابر کی تحریروں تک ان کو رسائی حاصل ہو جاتی تھی، لیکن گذشتہ تیس

---

۳۲۔ سلیم منصور خالد، مرجع سابق، محمود احمد غازی، خطبہ بعنوان: ''دینی مدارس: مفروضے، حقائق، لائحہ عمل؟''، ۷۷-۷۸۔

۳۳۔ دیکھیے: محمود احمد غازی، ''مغرب کا فکری و تہذیبی چیلنج اور علماء کی ذمہ داریاں''، ماہنامہ **الشریعہ**، گوجرانوالہ، (مارچ ۲۰۰۵ء)، ۱۶-۱۷۔

چالیس سال سے فارسی کو مکمل طور پر ختم کر دینے کے رجحان سے بہت نقصان ہوا ہے۔ آج بہت سے علما کے لیے مجد د الف ثانی اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی جیسے اکابر کی کتابیں ناقابل فہم ہو گئی ہیں۔ فارسی زبان کے ذریعے اخلاق، تہذیب اور روحانیت کا جو عنصر نصاب تعلیم کی بنیادوں میں شامل ہو جاتا تھا، اس سے طلبہ قریب قریب محروم ہو گئے ہیں۔

ان حالات میں فارسی زبان کی (بہ طور ایک مضمون کے) تدریس کا احیا کرنا ضروری ہے۔ اگر ابتدائی دینی مدارس میں حفظ قرآن کے ساتھ ساتھ اردو، فارسی، حساب اور معاشرتی علوم کے مضامین شامل کر دیے جائیں تو پانچ سال کی مدت میں طالب علم قرآن مجید کا حافظ ہونے کے ساتھ ساتھ نہ صرف اردو اور فارسی کی ضروری استعداد کا حامل ہو سکتا ہے بلکہ ضروری حساب اور ابتدائی ریاضی سے بھی واقف ہو سکتا ہے۔

وسطانی مدارس میں فارسی کو ایک لازمی مضمون کی حیثیت دی جانی چاہیے۔ اگر طالب علم ابتدائی مدارس میں **آمد نامہ**، **گلزار دبستان**، **کریما**، **پند نامہ**، **گلستان** اور **بوستان** پڑھ چکا ہو (جو ایک گھنٹہ روزانہ کے حساب سے سال میں بہت آسان ہے) تو وسطانی مدارس میں **مثنوی مولانا روم** کے منتخبات، **بہارستان جامی**، **کشف المحجوب**، امام غزالی کی **کیمیائے سعادت** کے منتخب ابواب پڑھانا مشکل نہ ہو گا۔۔۔۔ حضرت مجدد کے بعض طویل مکتوبات عقائد اور تصوف کے بنیادی اور مہتم بالشان مسائل کے بارے میں انتہائی عالمانہ اور وقیع مباحث پر مشتمل ہیں اور اچھی خاصی کتاب کی ضخامت کے برابر ہیں۔ ایسے چند مکتوبات کو نصابی کتاب کے طور پر پڑھایا جا سکتا ہے۔ [۳۴]

# عربی زبان کی تدریس

عربی زبان علومِ اسلامیہ کی اصل بنیاد ہے۔ تاہم دینی مدارس میں اس کے ایک زندہ زبان کی حیثیت سے پڑھائے جانے میں نقائص پائے جاتے ہیں۔ موجودہ نصاب و نظام کو ناقص، غیر تسلی بخش اور ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے ڈاکٹر غازی کہتے ہیں:

مجھے یہ عرض کرنے کی اجازت دیجیے کہ بیشتر دینی مدارس میں عربی زبان کی تدریس کا موجودہ نظام، نصاب اور انداز انتہائی ناقص، غیر تسلی بخش اور ناقابل قبول ہے۔ عربی فارسی سے نابلد طلبہ فارسی کے ذریعے عربی صرف و نحو کے ضروری قواعد حفظ کرتے ہیں، پھر عربی کی از کار رفتہ اور فضول کتابوں کے ذریعے عربی صرف و نحو میں ''مہارت'' حاصل کرتے ہیں اور اس نامکمل اور انتہائی ناقص علم کے چند صفحات کو رٹ کر عربی زبان و ادب کے ماہرین بن جاتے ہیں۔ میں اپنے ذاتی تجربہ اور مشاہدہ کی بنیاد پر عرض کرتا ہوں کہ مدارس میں عربی ادب کی ان کتابوں کی سالہا سال تدریس کرنے والے اساتذہ میں سے بیشتر ان کتابوں کے درسی اجزا کے علاوہ عربی زبان و ادب کے پورے ذخیرہ سے ناواقف رہتے ہیں۔ [۳۵]

عربی زبان، جو دنیا کی سب سے زیادہ دقیق اور سائنٹفک زبان ہے، جس کا ذخیرۂ الفاظ دنیا کی زبانوں کا سب سے وسیع

---

۳۴۔ محمود احمد غازی، ''دینی مدارس میں تخصص اور اعلیٰ تعلیم و تحقیق''، ماہنامہ **الشریعہ**، (جنوری ۲۰۰۸ء)، ۱۶۔

۳۵۔ مرجع سابق، ۱۵۔

ذخیرہ الفاظ ہے، عربی صرف و نحو جس کا مقابلہ شاید ہی کسی زبان کی صرف و نحو کر سکے، دینی مدارس کے طلبہ کی بڑی تعداد کے لیے ایک بند دروازہ ہی رہتی ہے۔ لہذا عربی زبان کی تدریس کے پورے نصاب پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔۔۔ نصاب میں عربی نثر کی عمدہ کتابوں کے منتخب شامل ہونے چاہئیں۔ عربی شعر میں بھی متعدد مجموعے ایسے دستیاب ہیں جو حماسہ اور سبعہ معلقہ سے پہلے پڑھا دیے جائیں تو زبان کا اچھا ذوق پیدا ہو سکتا ہے۔ عربی نثر میں **سیرت ابن ہشام**، **البدایة والنهایة** اور **مقدمہ ابن خلدون** کے منتخبات پر مشتمل ایک ترتیب دے دی جائے اور **نفحة العرب** کے بعد پڑھائی جائے تو عربی نثر کی اچھی بنیاد بن سکتی ہے۔[۳۶]

## خلاصہ کلام اور سفارشات

ڈاکٹر محمود احمد غازی عالم اسلام کی عظیم شخصیات میں سے ہیں۔ آپ کی خدمات جلیلہ کو عالم اسلام کے لیے عموماً اور پاکستان کے لیے خصوصاً کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ آپ ملت اسلامیہ کی یکسانیت اور یک جہتی کے لیے یکساں نظام تعلیم کو لازمی شرط قرار دیتے تھے اور طبقات کی بنیاد پر الگ الگ تعلیمی، دینی اور مذہبی اداروں کے وجود کو اسلام کے مزاج کے خلاف اور غیر اسلامی قرار دیتے تھے۔ آپ پاکستان میں یکساں نظام تعلیم کے خواہاں تھے اور دینی و دنیاوی تعلیم کی تفریق کو سیکولرازم کی بنیاد قرار دیتے تھے۔ آپ علمائے کرام کے لیے عصر حاضر کی زبان اور اس کے محاورے سے آگاہی کو لازمی قرار دیتے تھے، تاکہ دور جدید کا آدمی ان کے علوم سے استفادہ کر سکے، کیوں کہ ہر دور کا ایک محاورہ اور ایک زبان ہوتی ہے۔ آپ کہتے تھے: ہم چاہتے ہیں کہ علمائے کرام بقدر ضرورت انگریزی جانتے ہوں اور کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے واقف ہوں۔ اور بقدر ضرورت جدید معاشیات، بینکاری کے نظام سے، بین الاقوامی لین دین اور تجارت سے واقف ہوں۔

آپ کی خواہش تھی کہ دینی مدارس کے نظام پر نظر ثانی کی جائے اور نصاب میں ترمیم و تخفیف کی جائے؛ کیوں کہ ایک اچھا نصاب تعلیم طالب علم کو نہ صرف تحقیق اور جستجو کا خوگر بنا دیتا ہے، بلکہ اس میں نئے آفاق علم کے انکشاف کی امنگ بھی پیدا کر دیتا ہے۔ آپ نے عصر حاضر کے تقاضوں اور ضرورتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے محاضرات و مقالات میں دینی مدارس کے نصاب و نظام تعلیم میں اصلاحات کو ضروری و لازمی قرار دیا۔ آپ کا نقطۂ نظر یہ تھا کہ مدارس کے طلبہ اپنی فکری صلاحیتوں کو اجاگر کریں، اور دور جدید کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہوں۔ اور ان شاء اللہ انگریزی زبان، جدید کمپیوٹر، یہ سائنس اور یہ ٹیکنالوجی سب کی سب اسلام کی

---

۳۶۔ دیکھیے: مرجع سابق، ۱۵۔ ۱۶۔

خادم بنیں گی۔

آپ نے دینی مدارس کی قیادت کو ان اصلاح طلب پہلوؤں کی نشان دہی اور راہ نمائی کی اور اپنے محاضرات و مقالات میں بڑی درد مندی کے ساتھ اس بات پر زور دیا ہے کہ علمائے کرام اور طلبہ کو عصر حاضر کے چیلنجوں کا ادراک واحساس ہونا چاہیے، جو عالمی تہذیبی کشمکش کے حوالے سے مسلم امہ کو درپیش ہیں، اور جس میں انسانی حقوق اور گلوبلائزیشن کے عنوان سے مسلمانوں کے عقائد وافکار، تہذیب وثقافت، خاندانی نظام، معاشرتی اقدار اور مسلم ممالک کے اسلامی تشخص کو پامال کر دینے کی منصوبہ بندی کر لی گئی ہے۔ اس کشمکش کے علمی، اعتقادی اور ثقافتی پہلوؤں کو اجاگر کرنا، فکر وفلسفہ اور علم وتحقیق کے جدید ہتھیاروں کے ساتھ اس یلغار کا سامنا کرنا اور مسلمانوں کو ان سے محفوظ رکھنے کے لیے ان کے گرد تعلیم وتربیت، دعوت واصلاح اور فکری بے داری کا حصار قائم کرنا اپنے اہداف ومقاصد کے حوالے سے دینی مدارس کی ذمہ داریوں میں شامل ہونا چاہیے اور انھیں اس اہم ترین ذمے داری سے صرف نظر نہیں کرنا چاہیے۔

اللہ رب العزت ڈاکٹر محمود احمد غازی رحمۃ اللہ علیہ کی دینی وملی خدمات کو قبول فرمائے! اور آپ کے درجات بلند فرمائے! آمین۔

❁ ❁ ❁ ❁ ❁

# List of Sources in Roman Script


- Al Qur'ān
- *Al Sharī'a*, January/ February 2011, Publisher, Al Sharia Academy, Gujranwala.
- Chalbi, Hji Khalifa, Mustfa Bin Abdullah, *Kashf ul Zanoon 'an Assāmī al Kutb ul Fonnūn*, Bairut: Dar ul ahya e turath al Arabi.
- Chishti, Ali Asgar, Dr, *Moarir e Islamī*, "Professor Dr Mahmood Ahmad Gazi, Shakhsiyat aor khidmaat"
- Gazi, Mahmood Ahmad, Dr, "*Pakistan Main Dīnī Talīm Pas e Manzar o Pash e Manzar*"
- Gazi, Mahmood Ahmad, Dr, *Mohadraat e Tleem*, "*Dīnī o 'Asrī Talīm Kā Imtzāj, Fawāid o Nuqsanā*t" Karachi: Zawwar Academy Publications.
- Gazi, Mahmood Ahmad, Dr, Moqalah: "*Qadīm o Jadīd Talīm Main Ham Aahangī*".
- Hashmi, Sha Moeen Al Deen, Dr, *Moarif e Islami*, "*Dīnī Madāris Kā Nizām o Nisāb, Dr Mahmood Ahamad Gazi ky Afkār sy Istifāda*" Shashmahi Mujalah, January 2011- June 2011, 10: 1, Kulya Arabi o Uloom e Islamia, Alama Iqbal Open University, Islamabad.
- Immam Gzali, Muhammad Bin Muhammad, Abu Hammid, *Ahyā e Ulūm al dīn*, Bairut: Daar al Marfat.
- Lsohali, Abd ul Rehman Bin Abdullah, *Abu al Qasim*, al Rooz ul 'anf maʿ al Sīrah al Nabviah le ibn e Hasshaam, Bairut: Daar al Kutub Al Ilmiaa.
- Saleem Mansoor Khalid, *Dīnī Madāris Main T'alīm, Dr Mahmood Ahmad Gazi, Khutba ba'unwān: Dīnī Madāris: Mafroozy, Haqaaeeq, Lahe aʿmal*" Islamabad: Institute Policy Studies, 2005.